ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہءخواتین کے زیراہتمام لندن میں محفل میلاد منعقد کی گئی

محفل میلاد میں ایم کیوایم شعبہءخواتین کی کارکنوں سمیت خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی

خواتین نے نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی شان رسالت میں گلہائے عقیدت پیش کئے اور نبی کریمؐ کے اسوہءحسنہ پر روشنی ڈالی

امت مسلمہ کی سربلندی، پاکستان کی سلامتی وبقاء،غربت وتنگدستی میں گھرے ہوئے لوگوں کی مشکلات کے خاتمہ،عوام کے اتحاد،تحریک کی کامیابی اورقائدتحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں

لندن:۔۔۔4مارچ،2012ء

ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے شعبہءخواتین کے زیراہتمام لندن کے مقامی ہال میں جشن عیدمیلادالنبی ﷺ کے سلسلے میں محفل میلاد منعقد کی گئی۔محفل میلاد میں ایم کیوایم شعبہءخواتین کی کارکنوں کے ساتھ ساتھ لندن کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی پاکستانی کمیونٹی کی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پرخواتین نے سرکاردوعالم، نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی شان رسالت میں گلہائے عقیدت پیش کئے اور نبی کریمؐ کے اسوہءحسنہ پرروشنی ڈالی۔معصوم بچیوں نے بھی خوبصورت نعتوں کے ذریعے حضورسرورکائناتؐ سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا۔محفل کے اختتام پردرودوسلام پیش کیا گیا جس کے بعدامت مسلمہ کی سربلندی، پاکستان کی سلامتی وبقاء،غربت وتنگدستی میں گھرے ہوئے لوگوں کی مشکلات کے خاتمہ،عوام کے اتحاد،تحریک کی کامیابی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمرکیلئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں۔اس موقع پرایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تحریک کے تمام شہیدوں کوبھی خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

☆☆☆☆☆